IDHR

ریاست الینوائے
محکمہ انسانی حقوق



# مدعا علیہان کے لئے رہنمائی

فراہم کردہ خدمات

الینوائے انسانی حقوق کا ایکٹ کیا مہیا کرتا ہے

جب کوئی الزام عائد کیا جاتا ہے تو کیا ہوتا ہے

ILLINOIS DEPARTMENT OF
Human Rights

# الینوائے محکمہ انسانی حقوق

الینوائے محکمہ انسانی حقوق (”IDHR“) وہ ریاستی ایجنسی ہے جو الینوائے انسانی حقوق ایکٹ (”ایکٹ“) کا نفاذ کرنے کی ذمہ دار ہے۔

**نصب العین**
IDHR کا نصب العین ریاست الینوائے کے اندر تمام افراد کے لئے غیر قانونی امتیازی سلوک سے پاک ماحول پیدا کرنا اور باشندوں کے ضمن میں اس کی پالیسی کے مطابق مساوی موقع اور اثباتی کارروائی قائم کرنا اور فروغ دینا ہے۔

# IDHR کی جانب سے فراہم کردہ خدمات

**ایک نفاذ کار ایجنسی ہونے کے علاوہ، IDHR متعدد خدمات بھی فراہم کرتا ہے اور درج ذیل مہیا کرنے کے لئے کمپنیوں، ایجنسیوں، تنظیموں اور افراد کے ساتھ شراکت میں کام کرتا ہے:**

**پبلک کنٹریکٹس:** الینوائے میں کسی بھی ریاستی ادارے کے ساتھ کاروبار کرنے کے خواہش مند تمام ملازمین اور کمپنیوں کو پبلک کنٹریکٹس یونٹ کے ساتھ لازمی اندراج کرنا ہوتا ہے اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ انہوں نے روزگار کے مساوی موقع اور اثباتی کارروائی کی پالیسیوں کو نافذ کیا ہے اور وہ الینوائے انسانی حقوق ایکٹ اور IDHR کے قواعد و ضوابط کی تعمیل کرتے ہیں۔ IDHR کی ویب سائٹ برائے پبلک کنٹریکٹسillinois.gov/dhr/PublicContracts

پر اضافی معلومات موجود ہیں۔ یہ یونٹ کاروباری اداروں کو جنسی ہراسگی سے بچاؤ کی پالیسیاں تیار کرنے میں بھی مدد دیتا ہے، بشمول ایک ماڈل پالیسی آن لائن-illinoisgov/dhr/ PublicCon tracts/Pages/Sexual_Harassment_Model_Policy.aspx پر دستیاب ہے۔



**تربیت:** انسٹیٹیوٹ برائے تربیت و ترقی (”انسٹیٹیوٹ“) پورے الینوائے میں جائے کار اور گھر دونوں جگہوں پر مختلف اقسام کی ثقافتوں کے درمیان احترام کو فروغ دینے کے لئے تیار کی گئی تربیت منعقد کرتا ہے۔ حقیقی زندگی کے منظرنامے استعمال کرتے ہوئے، مستند ٹرینرز منصفانہ روزگار کے قوانین اور اطوار، بہتر سمجھ کے ساتھ تنازعہ کو حل کرنے کے طریقوں،

اور عدم امتیاز کے تقاضوں جیسا کہ جنسی ہراسگی سے بچاؤ کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہیں۔ آزادانہ تحقیق اور نوکری کے دوران حوالہ جاتی ٹولز کے لئے دستی کتابچے مہیا کیے جاتے ہیں۔ یہ انسٹیٹیوٹ HR سرٹیفیکیشن انسٹیٹیوٹ کی جانب سے منظور شدہ ہے اور HR سرٹیفیکیشن کے لئے تربیتی ماڈیولز پیش کرتا ہے۔ پبلک اور پرائیویٹ دونوں سیشنز کی پیشکش کی جاتی ہے۔ سائٹ پر تربیت کے لئے فیس کا اطلاق ہو سکتا ہے۔ مزید معلومات یا تربیت شیڈول کرنے کے لئے، (312) 814-2477 پر کال کریں یا illinois.gov/dhr/Training پر انسٹیٹیوٹ کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

**محکمہ جاتی اسپیکر کے لئے درخواست کریں:** IDHR کے نمائندے الینوائے میں امتیازی سلوک کا الزام عائد کرنے اور اس پر عمل کاری کے ایجنسی کے قواعد اور طریقہ کار کے بارے میں گفتگو کرنے کے لئے دستیاب ہوتے ہیں۔ موضوعات قانون کے تحت گروپس اور افراد کے حقوق اور ذمہ داریوں کا احاطہ کرتے ہیں۔ اسپیکر کی درخواست کا فارم IDHR کی ویب سائٹ illinois.gov/dhr/AboutUs/Pages/Request_Speaker. aspx پر دستیاب ہے۔

# قانون اور آپ کی ذمہ داریاں

**الینوائے انسانی حقوق ایکٹ** (775 ILCS 5)1 روزگار، مالیاتی کریڈٹ، عوامی سہولیات اور ریئل اسٹیٹ کی ٹرانزیکشنز کے حوالے سے کسی شخص کی نسل، رنگ، مذہب، صنف (بشمول حمل اور جنسی ہراسگی)، قومی تعلق، آباؤ اجداد، عمر، تحفظ کی حیثیت کی ترتیب، ازدواجی حیثیت، معذوری، جنسی رجحان (بشمول جنسی شناخت)، شہریت کی حیثیت اور ملازمت میں زبان کی پابندیوں، ملازمت اور ہاؤسنگ میں گرفتاری کی ریکارڈ، ہاؤسنگ میں خاندانی حیثیت (18 سال سے کم عمر کے بچوں والے خاندان) اور مزید کی بنیاد پر امتیازی سلوک کی ممانعت کرتا ہے۔

**ملازمت:** یہ قانون ملازمت کی تمام شرائط و ضوابط، بشمول بھرتی، انتخاب، ترقی، تبادلہ، تنخواہ، مدت ملازمت، برطرفی اور نظم و ضبط میں افراد کو امتیازی سلوک کے خلاف تحفظ فراہم کرتا ہے۔

**ریئل اسٹیٹ کی ٹرانزیکشنز (ہاؤسنگ):** رہائشی یا کمرشل جائیداد کی فروخت یا کرایہ داری میں امتیازی سلوک غیر قانونی ہے۔ اس طرح کے امتیازی سلوک کی کچھ مثالیں ہیں:

- کسی شخص کے ساتھ ریئل اسٹیٹ ٹرانزیکشن میں مشغول ہونے سے انکار
- ٹرانزیکشن کی شرائط و ضوابط یا مراعات میں تبدیلی کرنا۔

[1] الینوائے انسانی حقوق ایکٹ ("ایکٹ") اس لنک پر دستیاب ہے: https://ilga.gov/legislation/ilcs/ilcs5.asp?ActID=2266&ChapterID=64

- رہن پر قرضے دینے یا ان کے بارے میں بات چیت کرنے سے انکار کرنا۔
- غلط بیانی کرنا کہ جائیداد کرایہ یا فروخت کے لئے دستیاب نہیں ہے۔
- ممنوعہ امتیازی سلوک پر مشتمل تشہیری مواد، فارمز یا سوالات استعمال کرنا۔

**مالیاتی کریڈٹ:** الینوائے میں کاروبار کرنے والے تمام مالیاتی اداروں کو کمرشل یا ذاتی قرضے اور کریڈٹ کارڈز دینے میں امتیازی سلوک کرنا ممنوعہ ہے۔

**عوامی سہولیات:** کسی بھی عوامی سہولت کی جگہ جیسا کہ کاروبار، تفریحی مقام، کرایہ کی رہائش، تفریح طبع، یا آمدورفت کی سہولت کی جانب سے سہولیات، سامان اور خدمات سے مکمل اور مساوی طور پر مستفید ہونے میں امتیازی سلوک کرنا غیر قانونی ہے۔

**تعلیم میں جنسی ہراسگی:** یہ قانون کسی سرکاری یا تعلیمی ادارے میں کسی ایگزیکٹو، فیکلٹی کے رکن، انتظامی عملے کے رکن، یا تدریسی معاون کی جانب سے طلبا و طالبات سے جنسی نوعیت کی ناپسندیدہ حرکات یا جنسی احسانات کی درخواستوں کی ممانعت کرتا ہے جب ایسا طرزعمل طلبا و طالبات کی کارکردگی میں مخل ہو؛ ایک دھمکی آمیز، جارحانہ اور ہراساں کرنے کا ماحول بناتا ہو؛ یا کسی تدریسی یا غیر نصابی مواقع کی کوئی شرط ہو۔ کسی بھی تعلیمی ادارے کے لئے یہ بھی غیر قانونی ہے کہ جب وہ ادارہ جنسی ہراسگی سے آگاہ ہو اور وہ کوئی انسدادی کارروائی کرنے یا اس ادارے کی جانب سے ملازم رکھے گئے
کسی نمائندے کے خلاف مناسب تادیبی کاروائی کرنے میں ناکام رہے۔



آپ یا آپ کی تنظیم، کمپنی یا ایجنسی کے خلاف IDHR کے ساتھ امتیازی سلوک کا الزام عائد کیا جا سکتا ہے جس میں الزام لگایا گیا ہو کہ:

1) آپ نے کسی احاطہ کردہ فرد کے ساتھ امتیازی سلوک کیا؛

2) طرزعمل کسی تحفظ کردہ کلاسوں میں سے کسی ایک میں اس فرد کی حیثیت کی بنیاد پر تھا؛ اور

3) طرزعمل پانچ احاطہ کردہ شعبوں میں سے کسی ایک میں تھا۔

IDHR کے پاس الزامات ایکٹ میں تخصیص کردہ وقت کے اندر دائر کیے جانے چاہیئیں۔

# جب کوئی الزام عائد کیا جاتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟

اگر IDHR کے پاس عائد کیے گئے کسی الزام میں آپ، آپ کی کمپنی یا تنظیم کو مدعا علیہ کے طور پر نامزد کیا گیا ہے، تو ایکٹ میں تخصیص کردہ وقت کے اندر نامزد مدعا علیہ کو الزام کی ایک نقل اور معلومات کے لئے ابتدائی درخواست پیش کی جائے گی۔

**آپ سے تقاضا کیا جائے گا کہ:**

- **الزام سے متعلق کوئی بھی ریکارڈز محفوظ رکھیں؛**
- **کوئی بھی شخص جس نے الزام عائد کیا ہے یا بصورت دیگر کسی الزام کی تفتیش میں شامل ہوا ہے اس کے خلاف انتقامی کارروائی سے باز رہیں۔ کوئی بھی شخص جو سمجھتا ہو کہ اس کے خلاف انتقامی کارروائی کی گئی ہے IDHR کے پاس ایسا کوئی الزام عائد کر سکتا ہے؛ اور**
- **دی گئی تاریخ تک IDHR کے سوالنامے کا جواب فراہم کریں۔ آپ سے الزام کے جواب میں ایک باضابطہ جواب دائر کرنے کا تقاضا کیا جا سکتا ہے اور جواب دینے میں ناکامی کا نتیجہ آپ کے خلاف فیصلے کی صورت میں ہو سکتا ہے۔**

## ثالثی

ثالثی کی کانفرنس کسی تفتیش کا متبادل ہوتی ہے اور کسی الزام کا فوری طور پر تصفیہ کر سکتی ہے۔ ثالثی ایک غیر رسمی، غیر لاگتی طریقہ کار ہوتا ہے جس میں مدعی اور مدعا علیہ کسی تربیت یافتہ اور سند یافتہ IDHR ثالث کے ساتھ رضاکارانہ طور پر ملاقات کرتے ہیں جو انہیں الزام کے ممکنہ تصفیے تلاش کرنے میں مدد دیتا ہے۔ ثالثی کا عمل رازدارانہ ہوتا ہے۔

ثالثی کے دوران (جس میں چار یا زائد گھنٹے لگ سکتے ہیں)، وکلاء ایک صلاح کار کا کردار نبھا سکتے ہیں۔ IDHR کا ثالث فریقین پر کوئی فیصلہ مسلط نہیں کر سکتا۔ تصفیہ کا معاہدہ قبول کرنا مدعا علیہ کی جانب سے اقرار جرم تصور نہیں کیا جاتا۔

تصفیہ کی شرائط میں مالی اور/یا غیر مالی عناصر شامل ہو سکتے ہیں۔ ثالثی کے تصفیے تک پہنچنے کے بعد، دونوں فریقین کے پاس اس تصفیے سے نکلنے کے لئے 10 دن ہوتے ہیں (جس کو ختم کیا جا سکتا ہے)۔ اگر فریقین کسی اتفاقِ رائے تک نہیں پہنچ پاتے، تو الزام تفتیش کے مرحلے کی جانب بڑھا دیا جائے گا۔

# تفتیش

مقدمہ تفتیش کے مرحلے کی جانب بڑھ جاتا ہے اگر فریقین ثالثی میں شرکت نہیں کرتے یا اگر ثالثی ناکام رہتی ہے۔ مدعا علیہان اور مدعیان کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ IDHR کی تفتیش میں تعاون کریں۔ IDHR کو متعلقہ دستاویزات اور اشخاص کو طلب کرنے کا اختیار بھی ہوتا ہے۔

IDHR کا کردار عائد الزامات کی غیر جانبدارانہ تفتیش انجام دینا ہوتا ہے۔ مقدمے کے لئے تفویض کردہ تفتیش کار متعلقہ گواہان سے رابطہ اور ان کا انٹرویو کر سکتا ہے اور دونوں فریقین سے متعلقہ دستاویزات حاصل کر سکتا ہے۔

# حقائق معلوم کرنے کی کانفرنس

دونوں فریقین سے حقائق معلوم کرنے کی کانفرنس میں حاضر ہونے کا تقاضا کیا جا سکتا ہے، جو IDHR کے تفتیش کار کی جانب سے منعقد کی جانے والی میٹنگ ہوتی ہے۔ حقائق معلوم کرنے کی کانفرنس یا تو ایک مکمل تفتیش انجام دینے یا کسی رضاکارانہ تصفیہ تک پہنچنے کے لئے تیار کیا گیا ایک تفتیشی وسیلہ ہے۔ ہر فریق تنازعے سے متعلق اپنا نقطہ نظر پیش کرتا ہے اور مخالف فریق کے نقطہ نظر کا جواب دیتا ہے۔ کسی معقول وجہ کے بغیر حقائق معلوم کرنے کی کانفرنس میں حاضر ہونے میں ناکامی کا نتیجہ مدعی کے معاملے میں الزام کا خارج ہو جانا یا مدعا علیہ پر الزام ثابت ہو جانا ہو سکتا ہے۔

اگر حقائق معلوم کرنے کی کانفرنس منعقد ہوتی ہے، تو کوئی بھی فریق کسی وکیل کو ہمراہ لا سکتا ہے بشرطیکہ اس وکیل نے ”حاضری کا نوٹس“ داخل کروایا ہو۔ تاہم، وکلاء کا کردار سختی کے ساتھ صلاح کارانہ ہوتا ہے اور وہ ان امور کے علاوہ جن کے لئے ان کے پاس بلاواسطہ علم ہو کانفرنس میں شہادت نہیں دے سکتے، اور نہ ہی وہ کسی فریق سے براہ راست سوالات کر سکتے ہیں۔

**اس کا تقاضا نہیں کیا جاتا کہ کسی بھی فریق کی وکیل کی جانب سے نمائندگی کی جائے۔**
تفتیش کار یقینی بنائے گا کہ تمام فریقین کو اپنے حقائق اور شہادت پیش کرنے کے لئے مکمل اور منصفانہ موقع ملے۔ ایسے مدعیان جن کی نمائندگی کسی وکیل کی جانب سے نہیں کی جاتی، اپنے ہمراہ صلاح اور اخلاقی معاونت کے لئے کسی دوست یا رشتہ دار کو لا سکتے ہیں؛ تاہم، وہ فرد صرف ان امور کے بارے میں شہادت دے سکتے ہیں جن کے بارے میں ان کو بلاواسطہ علم ہو۔ مزید برآں، مدعی کانفرنس میں اپنے ساتھ کسی مترجم کو لا سکتا ہے یا، اگر ضروری ہو تو، IDHR ترجمانی کی کوئی سروس استعمال کر سکتی ہے۔ حقائق معلوم کرنے کی کانفرنس میں گواہان بھی شرکت کر سکتے ہیں لیکن ان کی حاضری تفتیش کار کی صوابدید پر ہو گی۔

تفتیش کار فریقین سے سوالات کرے گا اور وہ مدعی اور مدعا علیہ کو دوسرے فریق کے بیانات کا جواب دینے اور/یا ان کو رد کرنے کے متبادل مواقع دے گا۔ اس دوران دونوں فریقین کو اپنے مؤقف کی تائید میں دستاویزات یا شہادت پیش کرنے کی اجازت ہوتی ہے۔ تفتیش کار مقدمے کی تفتیش کرنے کے لئے ضروری مزید دستاویزات کی نشاندہی اور ان کی درخواست کر سکتا ہے۔

تفتیش کار بیانات اور جوابات کے غیر رسمی نوٹس تیار کرتا ہے۔ IDHR کے ضوابط کے مطابق، یہ تفتیشی نوٹس استحقاقی ہیں اور انہیں کسی بھی فریق کو نہیں دیا جا سکتا۔ یہ کانفرنس کوئی باضابطہ سماعت نہیں ہوتی اور IDHR کوئی اسٹینو گرافک ٹرانسکرپٹس تیار نہیں کرتا۔

اگر تفتیش کار حقائق معلوم کرنے کی کوئی کانفرنس منعقد نہیں کرتا، تو تفتیش کار خط(خطوط)، فون، براہ راست انٹرویوز یا انفرادی کانفرنسوں کے ذریعے مدعیان اور مدعا علیہان کے ساتھ علیحدہ رابطوں میں حقائق اور شہادت اکٹھی کرے گا۔

# معلومات اور نتائج

تفتیش کے بعد، تحریری رپورٹ تیار کی جاتی ہے جو سفارش کرتی ہے ایکٹ کی خلاف ورزی ہونے کے لئے "کافی شہادت" موجود ہے یا نہیں۔ "کافی شہادت" قرار پانے کا مطلب ہے کہ حقائق کی سماعت کرنے والے کی جانب سے الزام کا فیصلہ کرنے کے لئے کافی شہادت موجود ہے اور مدعی کے پاس ایکٹ کے تحت تخصیص کردہ وقت کے اندر اختیار ہے کہ یا تو:

1)IDHR سے درخواست کرے کہ وہ الینوائے انسانی حقوق کمیشن ("کمیشن") کے روبرو مدعی کی جانب سے شکایت درج کروائے، جو کہ ایک ریاستی ایجنسی ہے جو ایکٹ کے تحت دائر کردہ شکایات پر سماعتیں منعقد کرتی ہے؛ یا

2)مناسب دائرہ اختیار کی ریاستی سرکٹ عدالت میں دیوانی کارروائی کا آغاز کرے۔ اگر کسی کمیشن یا سرکٹ عدالت میں شکایت دائر کی جاتی ہے، وہ فورم شہادت کی سماعت کرے گا، ثبوت وصول کرے گا اور تعین کرے گا کہ آیا غیر قانونی امتیازی سلوک واقع ہوا ہے یا نہیں۔

ہاؤسنگ کے مقدمات میں یا اگر مدعی IDHR سے کمیشن کے روبرو شکایت دائر کروانے کی درخواست کرتا ہے، IDHR کے کسی وکیل کو الزام کا تصفیہ کرنے یا "مصالحت" کرنے میں فریقین کی مدد کرنے کے لئے تفویض کیا جائے گا۔ اگر سمجھوتے کا معاہدہ نہیں ہو سکا تو، IDHR مدعی کی جانب سے کمیشن کے روبرو شہری حقوق کی خلاف ورزی کی ایک شکایت دائر کرے گا۔ مدعی کی ذمہ داری ہے کہ وہ کمیشن کے روبرو اپنے مقدمے کو ثابت کرے۔

اگر IDHR کو امتیازی سلوک کے "ٹھوس شواہد کا فقدان" نظر آتا ہے تو اس چارج کو خارج کر دیا جائے گا۔ ایکٹ میں متعین کردہ مدت کے اندر، شکایت کنندہ کے پاس یہ اختیار ہے کہ وہ 1) کمیشن کے پاس نظرثانی کی درخواست دائر کرے، یا، 2) مناسب مقام کی اسٹیٹ سرکٹ عدالت میں سول کارروائی شروع کرے۔



اگر جواب دہندہ چارج کا بروقت باضابطہ جواب دائر کروانے میں ناکام ہو جائے (جب IDHR کی جانب سے درکار ہو)، یا حقائق کی تلاش کی کانفرنس میں شرکت کرنے میں ناکامی کی صورت میں، ایک نوٹس آف ڈیفالٹ درج کیا جا سکتا ہے۔ ایکٹ میں بیان کردہ وقت کے اندر، جواب دہندہ کمیشن کو نظر ثانی کی درخواست دائر کر سکتا ہے۔ موزوں اپیلٹ عدالت میں کمیشن کے حتمی احکامات پر اپیل کی جا سکتی ہے۔

# اس عمل میں کتنا وقت لگتا ہے؟

کوئی تفتیش مکمل کرنے کے لئے وقت کا دورانیہ ایکٹ میں مختص کیا گیا ہے اور فریقین کے تحریری معاہدے کے ذریعے اس میں توسیع کی جا سکتی ہے۔ IDHR بروقت تفتیش مکمل کرنے کے لئے ہر طرح کی کوشش کرتا ہے۔ تاہم، تفتیش کار تفتیش کو مکمل کرنے کے لئے وقت میں توسیع کرنے کی درخواست کر سکتا ہے۔ اگر فریقین میں سے کوئی ایک یا دونوں کسی توسیع پر دستخط کرنے سے انکار کرتے ہیں، اور اگر IDHR ایکٹ میں مختص کردہ وقت کے دورانیے کے اندر کوئی نتیجہ جاری نہیں کرتا تو، مدعی کمیشن کے روبرو ایک شکایت درج کروا سکتا ہے یا مناسب دائرہ کار کی ریاستی سرکٹ عدالت میں دیوانی کارروائی کا آغاز کر سکتا ہے۔ اگر مدعی ایکٹ میں مختص کردہ وقت کے دورانیے کے اندر کمیشن کے روبرو کوئی شکایت درج نہیں کرواتا یا ریاستی سرکٹ عدالت میں دیوانی کارروائی کا آغاز نہیں کرتا تو، مقدمے میں کوئی مزید کارروائی نہیں کی جائے گی۔ (ہاؤسنگ کے مقدمات میں توسیع کی ضرورت نہیں ہوتی اور تفتیش ایکٹ میں مختص کردہ وقت کے دورانیے کے اندر مکمل کی جائے گی تاوقتیکہ ایسا کرنا ناقابل عمل ہو۔)

# الینوائے انسانی حقوق کمیشن

کمیشن ایک علیحدہ ریاستی ایجنسی ہے جو IDHR یا مدعی کی جانب سے دائر کی گئی امتیازی سلوک کے الزامات کی شکایتوں پر عوامی سماعتیں منعقد کرتی ہے، اور امتیازی سلوک کے کسی الزام کی IDHR کی برخاستگیوں پر نظرثانی کرتی ہے۔ کمیشن ایکٹ کے تحت صراحت کردہ غیر قانونی امتیازی سلوک کے تنازعات کو حل کرنے کے لئے ایک غیر جانبدار عدالتی ایجنسی ہے۔ سات کمشنرز، تین اراکین کے پینلوں میں، IDHR کی جانب سے تفتیش کے بعد امتیازی سلوک کے الزامات کی IDHR کی جانب سے برخاستگیوں

پر نظرثانی کرتے ہیں۔ اگر کمیشن برخاستگی کو ختم کر دیتا ہے تو، مدعی یا IDHR کمیشن کے روبرو اس کے انتظامی قانون کی سیکشن (ALS) میں ایک شکایت درج کروا سکتے ہیں۔ اگر کمیشن IDHR کی برخاستگی کو برقرار رکھتا ہے تو، مدعی الینوائے کی اپیلیٹ عدالت کے روبرو ایک اپیل دائر کر سکتا ہے۔

اپنی ALS سیکشن کے ذریعے، فریقین امتیازی سلوک کے الزامات پر مبنی شکایات پر قانونی کارروائی کرتے ہیں۔ انتظامی قانون کی کارروائیوں کے لئے طریقہ کار تجربہ کار انتظامی قانون کے ججوں (ALJs) کو پیش کیے جاتے ہیں۔ فریقین کی کسی وکیل کے ذریعے نمائندگی کی جا سکتی ہے یا وہ وکیل کے بغیر آگے بڑھ سکتے ہیں۔ تحریری دریافت اور ثالثی کی خدمات کا ایک مکمل سلسلہ بھی تمام فریقین کو دستیاب ہے۔

اگر مدعی ALS میں کامیاب ہوتا ہے، تو جج

ایکٹ کی جانب سے اجازت دی گئی تلافیوں کا حکم دے سکتا ہے تاکہ مدعی کو "کلی" بنایا جا سکے۔ تلافیوں میں پچھلی ادائیگی، ضائع شدہ وظائف، ذاتی فائل کو کلیئر کرنا، جذباتی نقصانات، بھرتی کرنا، ترقی دینا، بحالی کرنا، فرنٹ ادائیگی جہاں بحالی ممکن نہ ہو، وکیل کی فیس اور اخراجات شامل ہیں۔ تعزیراتی ہرجانے یا آجر کو سزا دینے کے مقصد کے لئے ہرجانے ایکٹ کے تحت دستیاب نہیں ہیں۔

کمیشن اور اس کے طریقہ ہائے کار کے بارے میں تفصیلی معلومات کے لئے، براہ کرم ملاحظہ کریں: www.illinois.gov/ihrc

# وفاقی ایجنسیوں اور وفاقی عدالت کے ساتھ تعلق

مدعی کے وفاقی حقوق کو محفوظ کرنے کے لیے، IDHR خود بخود روزگار کے اہل الزامات کو U.S. ایکوئل امپلائمنٹ اپرچونٹی کمیشن ("EEOC") کے ساتھ کراس فائل کرتا ہے اور ایجنسیوں کے ورک شیئرنگ (کام شیئر کرنے) معاہدے کے تحت EEOC کے لئے تفتیش انجام دیتا ہے۔ اسی طرح، ہاؤسنگ کے مقدمات کو U.S. محکمہ برائے ہاؤسنگ و اربن ڈویلپمنٹ ("HUD") کے ساتھ کراس فائل کرتا ہے۔

وفاقی عدالت میں مقدمہ دائر کرنے کے لئے روزگار کے الزام میں مدعی کسی بھی وقت EEOC سے "استغاثہ دائر کرنے کے حق کے نوٹس" کی درخواست کر سکتا ہے۔ اگر کوئی مقدمہ ویسے ہی مسائل کے ساتھ کہ جن کہ ساتھ وہ IDHR میں دائر کیا گیا تھا وفاقی عدالت میں دائر ہوا ہے اور مدعی نے IDHR الزام ابھی تک واپس نہیں لیا، تو مدعا علیہ کو شکایت کی ایک نقل IDHR کو دینی ہو گی،
اور IDHR عمومی انتظامی طور پر تفتیش کو برخاست کر دے گا۔ IDHR کے غیر جانبدار کردار کو مدنظر رکھتے ہوئے، IDHR کے نمائندے مدعی یا مدعا علیہان کو قانونی مشورہ نہیں دے سکتے۔


**امتیازی سلوک روکنے کی تجاویز:**

- جس طرح قانون تقاضا کرتا ہے اس طرح اپنی، اپنے انتظامی عملہ اور ملازمین کی تربیت کریں۔
- واضح پالیسیاں وضع کریں اور ان پر عمل درآمد کریں اور ان کی مسلسل پیروی کریں۔
- پالیسیاں شائع کر کے اور ملازمین کی تربیت کر کے جنسی ہراسگی اور دوسرے امتیازی سلوک کو روکیں۔
- فوری طور پر امتیازی سلوک کی شکایت اور تفتیش کریں اور جب ضرورت ہو فوری انسدادی کارروائی کریں۔
- دستاویزات کو برقرار رکھیں۔

ILLINOIS DEPARTMENT OF Human Rights

# الزام کا راستہ

(نافذ العمل 8/24/18)



# IDHR کی طرف سے مہیا کردہ دوسری خدمات

**تربیت:** انسٹیٹیوٹ برائے تربیت و ترقی (”انسٹیٹیوٹ“) پورے الینوائے میں، کام کی جگہ یا گھر دونوں پر مختلف اقسام کی ثقافتوں کے درمیان احترام کو فروغ دینے کے لیے تیار کی گئی تربیت منعقد کرتا ہے۔ حقیقی زندگی کے مناظر استعمال کرتے ہوئے، سند یافتہ ٹرینرز منصفانہ روزگار کے قوانین اور اطوار، بہتر سمجھ کے تنازعے کو حل کرنے، اور عدم امتیاز کے تقاضوں جیسا کہ جنسی ہراسگی سے بچاؤ کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہیں۔ آزادانہ تحقیق اور نوکری کے دوران حوالہ جاتی ٹولز کے لئے دستی کتابچے مہیا کیے جاتے ہیں۔ یہ انسٹیٹیوٹ HR سرٹیفیکیشن انسٹیٹیوٹ کی جانب سے منظور شدہ ہے اور HR سرٹیفیکیشن کے لئے تربیتی ماڈیولز پیش کرتا ہے۔ پبلک اور پرائیویٹ دونوں سیشنز کی پیشکش کی جاتی ہے۔ سائٹ پر تربیت کے لئے فیس کا اطلاق ہو سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے یا تربیت شیڈول کرنے کے لیے (312) 814-2477 پر کال کریں۔

**اثباتی کارروائی کا نفاذ:** ریاستی ایجنسی لائزون یونٹ ریاستی ایگزیکٹو ایجنسیوں کو مساوی روزگار کا موقع اور اثباتی کارروائی (”EEO/AA“) کی تعمیل کے لئے تکنیکی مدد فراہم کرتی ہے اور ان کی نگرانی کرتی ہے۔ یونٹ ریاستی بین الایجنسی کمیٹی برائے معذوریوں کے شکار ملازمین (Interagency Commit-tee on Employees with Disabilities) (”ICED“) پر بھی ایجنسی کی نمائندگی بھی کرتا ہے۔

**پبلک کنٹریکٹس:** الینوائے میں کسی بھی ریاستی ادارے کے ساتھ کاروبار کرنے کے خواہش مند تمام اشخاص اور کمپنیاں جو 365 ایام کے دورانیے کے دوران 15 یا زائد افراد کو ملازم رکھتی ہیں انہیں دائر کرنے کی تاریخ سے فورا پہلے کسی بھی وقت پبلک کنٹریکٹس یونٹ کے ذریعے اہل بولی کنندہ نمبر کے لئے اندراج کروانا چاہیئے، اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ انہوں نے مساوی روزگار کی پالیسیوں پر عملدرآمد کیا ہے اور وہ IDHR قواعد و ضوابط کی پیروی کر رہے ہیں۔

**تعلیم اور رابطہ:** رابطہ عملہ IDHR کے لیے عوامی تعلقات کا جزو ہے۔ عوام کو انسانی حقوق کے امور کے بارے میں مطلع رکھنے کی جاری کوشش میں، عملہ کمیونٹی اور شہری اداروں کے لئے ورکشاپوں، تربیت، تقریبات اور پروگراموں کو مربوط بناتا ہے، نیز میڈیا کے اداروں اور عوام الناس کی جانب سے معلومات کی درخواستوں کا جواب دیتا ہے۔

ILLINOIS DEPARTMENT OF Human Rights

## مزید معلومات کے لیے رابطہ:

براہ کرم دفتری اور ان ٹیک انٹرویو کے اوقات کی تصدیق کرنے کے لئے براہ راست (312) 814-6200 پر IDHR سے رابطہ کریں یا

idhr.webmail@illinois.gov پر ای میل کریں۔

**ویب سائٹ:** www.illinois.gov/dhr

**شکاگو میں:**

West Monroe Street 7th Floor 555
Chicago, IL 60661
(312) 814-6200 یا (800) 662-3942
(866) 740-3953 (TTY)
فیکس (312) 814-6251

**اسپرنگ فیلڈ میں:**

West Jefferson Street 1st Floor 535
Springfield, IL 62702
(217) 785-5100
(866) 740-3953 (TTY)
(217) 785-5106 فیکس

**میریون میں:**

W. Main St. Marion, IL 62959 2309
(618) 993-7463
(866) 740-3953 (TTY)
فیکس: (618) 993-7464

اس پمفلٹ کا مقصد IDHR کی اہم خدمات اور عمل کے طریقوں کے بارے میں عمومی رہنمائی فراہم کرنا ہے۔ یہ رہنمائی امتیازی سلوک کے بارے میں تمام سوالات کے جوابات نہیں دے گی اور کوئی بھی انفرادی کیس جیسا بیان کیا گیا ہے اس سے مختلف طور پر آگے بڑھ سکتا ہے۔ IDHR کے مخصوص قواعد اور طریقہ ہائے کار ہیں جو کہ ہر کیس پر لاگو ہوتے ہیں۔ براہ کرم بتائے گئے موضوعات میں سے کسی کے بارے میں سوالات کی صورت میں نزدیکی IDHR آفس کو کال کریں۔

معذوریوں کے حامل امریکیوں کا ایکٹ، بحالی ایکٹ 1973 کے سیکشن 504 اور الینوائے انسانی حقوق ایکٹ کی تعمیل میں، IDHR یقینی بنائے گا کہ تمام پروگرام فوری طور پر معذوریوں کے حامل اہل افراد کے لئے قابل رسائی اور قابل استعمال ہوں۔ ADA کوآرڈینیٹر (217)785-5119 (وائس) یا (866) 740-3953 (TTY) پر تعمیل کے تقاضوں کے بارے میں اضافی معلومات فراہم کر سکتا ہے۔
IDHR غیر انگریزی بولنے والے افراد کے لیے مفت زبان کی معاونت کی خدمات فراہم کرتا ہے۔

# الینوائے محکمہ انسانی حقوق
# مدعا علیہان کے لئے رہنمائی

اتھارٹی آف دی اسٹیٹ آف الینوائے کی جانب سے شائع کردہ
8/21 ۔ ویب ۔ IOCI22-0112 (ہسپانوی)